موضع دھریالہ جالپ تحصیل پنڈ دادنخان میں ختم نبوت کانفرنس

مورخہ 24 ستمبر بروز ہفتہ بعد نماز عشاء دھریالہ جالپ تحصیل پنڈ دادنخان میں عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض کنوینئر کانفرنس مولانا حسین علی قاسمی نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے مولانا رضا اللہ صابر، انعام اللہ عثمانی اور مناظر اسلام مولانا محمد عمر صدیق نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔ اس کانفرنس میں جہلم سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی اور مولانا قطب شاہ نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں دھریالہ جالپ کے علاوہ منڈی بہاؤالدین، چکوال، آڑہ بشارت، پنڈ دادنخان، بھیلووال اور دیگر علاقوں سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

وفیات

افتخار احمد مغل (مجاہد آباد) محمد آصف مغل و ہمایوں اختر مغل (اسلام گڑھ) کو صدمہ

مورخہ 15 اگست بروز سوموار افتخار احمد مغل کی خالہ محترمہ وخوشدامن اور محمد آصف مغل و ہمایوں اختر مغل کی والدہ محترمہ اسلام گڑھ آزاد کشمیر میں وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ اسلام گڑھ میں مولانا محمد اشرف اوکاڑوی نے پڑھائی۔

مولانا محمد منصور امام و مدرس جامع مسجد حسان بن ثابتؓ اہل حدیث دینہ کو صدمہ

مورخہ 8 ستمبر بروز جمعرات مولانا محمد منصور امام و مدرس جامع مسجد حسان بن ثابتؓ اہل حدیث کے والد محترم حاجی اختر حسین ہارٹ اٹیک سے وفات پاگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا محمد ابراہیم سرپرست مرکزی جمعیت اہل حدیث چکوال نے ملتان خورد (ضلع چکوال) میں پڑھائی۔

زاہد محمود، طلعت محمود اور باؤ عبدالاحد (حاجی آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 16 ستمبر بروز جمعۃ المبارک زاہد محمود وطلعت محمود کے والد محترم اور باؤ عبدالاحد کے بڑے

بھائی باؤ عبدالواحد طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد اہل حدیث حاجی آئمہ کے مستقل نمازی اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

صغیر احمد اخلاق، نعیم احمد شمسی و عرفان احمد شمسی کو صدمہ

مورخہ 21 ستمبر بروز بدھ صغیر احمد اخلاق (نیلام گھر) کی چچازاد بہن، نعیم احمد شمسی کی ماموں زاد بہن اور عرفان احمد شمسی کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ نیک اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

محمد ایوب مغل، عبدالرحمٰن مغل و حافظ عرفان ایوب مغل کو صدمہ

مورخہ 26 ستمبر بروز اتوار محمد ایوب مغل کا نوعمر پوتا، عبدالرحمٰن مغل کا بیٹا اور حافظ عرفان ایوب مغل کا بھتیجا بجلی کا کرنٹ لگنے سے وفات پا گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

شیخ حافظ محمد اشرف، شیخ اظہر جاوید اور حفیظ اللہ بٹ کو صدمہ

مورخہ 5 اکتوبر بروز بدھ شیخ حافظ محمد اشرف و شیخ اظہر جاوید کی والدہ اور حفیظ اللہ بٹ کی پھوپھی و خوشدامن وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ و تلاوت قرآن کی پابند، نیک اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ ان کے بیٹے شیخ حافظ محمد اشرف نے پڑھائی۔

ندیم یونس قریشی، اکرام یونس قریشی و ساجد یعقوب قریشی کو صدمہ

مورخہ 7 اکتوبر بروز جمعہ جامعہ کے سابق شیخ الحدیث حضرت العلام پیر محمد یعقوب قریشی رحمہ اللہ کے بھائی، ندیم یونس قریشی و اکرام یونس قریشی کے والد اور ساجد یعقوب قریشی کے چچا جان چک حافظاں جہلم میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور نیک انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی، مولانا محمد عبداللہ، قاری غلام رسول اور مولانا نوید احمد بشار نے شرکت کی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے دوسرے دن مرحوم کے گھر جا کر ان کے بیٹوں سے تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)